ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

ویسٹ پولیس کے بروقت اقدامات۔۔

مومن آباد تھانہ کے اہلکاروں کو زخمی کرنیوالے ڈکیت ٹھٹہ پولیس سے مقابلے میں ہلاک۔

کراچی 29 نومبر 2018ء:۔

تھانہ مومن آباد کی حدود فقیر کالونی میں پولیس مقابلے کے دوران دو پولیس اہلکاروں راشد تقی اور رحیم ڈینو کو زخمی کرنیکے بعد فرار ہو گئے جس پر ڈی آئی جی ویسٹ ڈاکٹر امین یوسف زئی نے بھرپور اور منظم اقدامات اٹھاتے ہوئے نا صرف کراچی میں سخت نا کہ بندی کے احکامات جاری کیئے بلکہ صوبے کے دیگر تھانوں کی حدود کے سپروائزری افسران نے بھی معلومات کو فالو کر کے اپنی نگرانی میں بالخصوص مرکزی شاہراہوں سمیت تمام داخلی اور خارجی روٹس پر سرچنگ اور نا کہ بندی کو مربوط اور مؤثر بنایا۔ جسکے نتیجے میں دھابیجی ٹھٹہ میں پولیس مقابلے کے دوران دو ڈکیت شہروز عرف شیرا اور عقیل عرف مدھم ہلاک ہوئے جنکے قبضہ سے ایک موٹر سائیکل اور دو عدد پستول برآمد ہوئے۔

ابتدائی تفتیش کے مطابق مذکورہ دونوں ڈاکوؤں کا تعلق لیاری گینگ وار سے ہے اور یہ دونوں گذشتہ روز مومن آباد تھانہ کی حدود میں دو پولیس اہلکاروں کو زخمی کرنے سمیت پولیس اور قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں پر حملوں میں ملوث پائے گئے ہیں۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے پولیس ٹیمز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ڈی آئی جی ویسٹ ایس ایس پی ویسٹ اور ایس ایس پی ٹھٹہ کو شاباش دی ہے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔